21-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	الفقہ	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشهادة العالية (السنة الاولیٰ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ----------------------------

نام طالبعلم: ________________________

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ ہدایہ شریف اس فن کی کتاب ہے:
(الف) فقہ (ب) اصول فقہ (ج) حدیث (د) اصول حدیث

2۔ احناف کے ہاں کانوں کا مسح کرنا ہے:
(الف) فرض (ب) سنت (ج) واجب (د) مکروہ

3۔ مسح رأس میں تثلیث کے سنت ہونے کے قائل ہیں:
(الف) احناف (ب) شوافع (ج) حنابلہ (د) مالکیہ

4۔ نماز میں قہقہ لگانے سے وضو ٹوٹ جائے گا:
(الف) رکوع والی میں (ب) سجدہ والی میں (ج) نماز جنازہ میں (د) رکوع اور سجدہ والی میں

5۔ جمعہ کے لیے غسل کرنا ہے:
(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) مستحب

6۔ جاندار کی جلد کبھی بھی پاک نہیں ہو سکتی:
(الف) کتے کی (ب) خنزیر کی (ج) انسان کی (د) خنزیر اور انسان دونوں کی

7۔ کنویں میں چڑیا کے مرنے کی صورت میں ڈول نکالنا ضروری ہیں:
(الف) 30-20 (ب) 60-40 (ج) 100-80 (د) 120-110

8۔ امام شافعی کے ہاں تیمم کرنا جائز ہے:
(الف) پتھر سے (ب) چونے سے (ج) کچ سے (د) صرف مٹی سے

9۔ مسافر کے لئے موزوں پر مسح کی مدت اتنے دن اور رات ہے:
(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

10۔ بادلوں کے دنوں میں نماز کو جلدی پڑھنا مستحب ہے:
(الف) عشاء (ب) فجر (ج) ظہر (د) مغرب

ورق الٹیے

11۔ تیمم کے فرائض ہیں:

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

12۔ بغیر وضو کے اذان پڑھنا ہے:

(الف) حرام (ب) مکروہ تحریمی (ج) مکروہ تنزیہی (د) جائز

13۔ عورت کا اذان پڑھنا ہے:

(الف) حرام (ب) جائز (ج) مکروہ تحریمی (د) مکروہ تنزیہی

14۔ نماز کے فرائض ہیں:

(الف) چار (ب) پانچ (ج) چھ (د) دس

15۔ جب امام "ولا الضالین" کہے تو امین کہے گا:

(الف) صرف امام (ب) صرف مقتدی (ج) امام اور مقتدی دونوں (د) کوئی بھی نہیں کہے گا

16۔ حدیث شریف کی رو سے اتنی جگہ پر ہاتھ اٹھائے جاتے ہیں:

(الف) پانچ (ب) سات (ج) دس (د) گیارہ

17۔ فجر کی نماز میں جہرا قرأت کرنا ہے:

(الف) سنت (ب) مستحب (ج) مباح (د) واجب

18۔ مقتدی کا امام کے پیچھے قرأت کرنا ہے:

(الف) حرام (ب) مکروہ تحریمی (ج) جائز (د) مستحب

19۔ قرآن مجید میں کل سجدہ تلاوت ہیں:

(الف) دس (ب) چودہ (ج) پندرہ (د) سولہ

20۔ روزے کی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

21-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	الفقہ	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشھادۃ العالیۃ (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ صاحب ہدایہ کا مکمل نام مع تاریخ وفات تحریر کریں۔
2۔ وضوء میں کتنے اعضاء کو دھونا فرض ہے؟
3۔ "والمرفقان والکعبان یدخلان فی الغسل" کا ترجمہ کریں۔
4۔ نواقض وضوء میں سے کوئی سے تین تحریر کریں۔
5۔ غسل اور مسح میں کیا فرق ہے؟
6۔ "خارج من غیر سبیلین" سے وضو ٹوٹ جاتا ہے کوئی ایک دلیل دیں۔
7۔ ہدایہ شریف کی روشنی میں وضوء کے فرائض تحریر کریں۔
8۔ غدیر عظیم سے کیا مراد ہے؟ ہدایہ کی روشنی میں تحریر کریں۔
9۔ "وسور الفرس طاھر عندھما" کا ترجمہ کریں۔
10۔ ہدایہ کی روشنی میں تیمم کا طریقہ تحریر کریں۔
11۔ "وینقض التیمم کل شیئ ینقض الوضوٴ" کا ترجمہ کریں۔
12۔ جرابوں پر مسح کرنا جائز ہے یا نہیں اپنا موقف دلیل کے ساتھ لکھیں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ فجر صادق اور فجر کاذب میں کیا فرق ہے؟
2۔ فجر میں اسفار افضل ہے یا تعجیل؟ احناف کا موقف دلیل کے ساتھ لکھیں۔
3۔ "لاتزال أمتی بخیر ما عجلوا المغرب" حدیث شریف کا ترجمہ کریں۔
4۔ کن اوقات میں نماز پڑھنا مکروہ ہے کوئی سے دو تحریر کریں۔
5۔ اذان میں ترجیع سے کیا مراد ہے؟
6۔ "ویؤذن للفائتۃ ویقیم" کا ترجمہ کریں۔
7۔ "وکذا المرءۃ تؤذن" عبارت کا مفہوم تحریر کریں۔
8۔ مرد اور عورت کا شرعی ستر تحریر کریں۔
9۔ "ان النبی ﷺ کان یسجد علی کور عمامتہ" کا ترجمہ کریں۔
10۔ سجدہ سہو کس صورت میں واجب ہوتا ہے؟
11۔ ہدایہ کی روشنی میں نماز جمعہ کی شرائط تحریر کریں۔
12۔ صلوٰۃ کسوف سے کیا مراد ہے؟ اس کا طریقہ مختصر تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. (الف) درج ذیل عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

"والمفروض فی مسح الرأس مقدار الناصیۃ وھو ربع الرأس لما روی المغیرۃ بن شعبۃ ان النبی ﷺ أتی سباطۃ قوم فبال وتوضأ و مسح علی ناصیتہ وخفیہ"

(ب) وضو میں مسح راس کی مقدار میں آئمہ کا اختلاف مع دلائل تحریر کریں۔

ii. ہدایہ کی روشنی میں موجبات غسل مع دلائل تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. صاحب ہدایہ کے حالات زندگی اور صاحب ہدایہ کا اسلوب تفصیلاً تحریر کریں۔

ورق الٹیے

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. (الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

"أول وقت الفجر إذا طلع الفجر الثانی و هو المعترض فی الأفق و آخر وقتها مالم تطلع الشمس لحديث أمامة جبرائيل ﷺ أنه أم رسول الله ﷺ فيها فی اليوم الأول حين طلع الفجر و فی يوم الثانی حين أسفر جدا أو كادت الشمس تطلع"

(ب) ظہر کے آخری وقت کے بارے میں امام اعظم اور صاحبین کا اختلاف مع دلائل لکھیں۔

ii. (الف) ہدایہ کی روشنی میں نماز کی شرائط تفصیلاً تحریر کریں۔

(ب) جماعت کی شرعی حیثیت تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. (الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

"فإن قال بدل التكبير الله أجل أو أعظم أو الرحمان أكبر أو لا إله إلا الله و أو غير من أسماء الله تعالى أجزاه عند أبی حنيفة و محمد"

(ب) فارسی کے ساتھ نماز شروع کرنے اور نماز میں فارسی میں قرأت کرنے کے بارے میں امام اعظم کا کیا موقف ہے دلائل کے ساتھ بیان کریں۔

(ج) کیا امام صاحب نے اپنے موقف سے رجوع کیا تھا یا نہیں؟